آسامیاں خالی ہیں

محکمہ وائلڈلائف ،صوبہ خیبر پختونخوا، مردان وائلڈلائف ڈویژن کی علاقائی حدود میں مندرجہ ذیل خالی آسامیوں پر صوبائی حکومت کی بھرتی پالیسی کے تحت خواہشمند امیدواروں سے درخواستیں مطلوب ہیں۔

نام آسامی	تعداد آسامی	عمر کی حد	تعلیمی قابلیت	ڈومیسائل	جسمانی معیار
وائلڈلائف واچر (BPS-07)	اقلیتی کوٹہ=01	18 تا30 سال	کسی بھی مستند بورڈ سے کم از کم سیکنڈ کلاس انٹرمیڈیٹ بمعہ میٹرک سائنس	ضلع مردان اور صوابی کے وہ علاقے جو مردان وائلڈلائف ڈویژن کی علاقائی حدود میں آتے ہوں	1۔قد کم از کم 5فٹ 6انچ۔ 2۔ چھاتی ،کم از کم 36-34انچ۔ 3۔20 منٹ میں 2 کلومیٹر دوڑ مکمل کرنی ہوگی۔ 4۔نظر کم از کم (عینک کے ساتھ)، ہر آنکھ کیلئے 6x6 V-6J 5۔امیدوار جسمانی طور پر صحت مند ہو۔

شرائط و ضوابط:۔ (1) تمام امیدواروں کیلئے لازم ہوگا کہ وہ ETEA کی ویب سائٹ پر اپنا پروفائل بنائیں۔ پروفائل بنانے کے بعد اور کسی بھی آسامی کیلئے درخواست دینے رفیس جمع کروانے سے قبل امیدوار ETEA کی ویب سائٹ سے E-Sahulat ٹوکن پرنٹ کرینگے اور اپنا شناختی کارڈ نمبر کسی بھی NADRA E-Sahulat فرنچائز (کیاسک) سے تصدیق کروائیں گے۔اس تصدیق کے بغیر کسی بھی آسامی کیلئے درخواست دینا ممکن نہیں ہوگا۔(2) تمام تقرریاں حکومت خیبر پختونخوا کے مروجہ قوانین کے مطابق کی جائیگی۔(3) تمام اہل امیدواروں (مردان وائلڈلائف ڈویژن کی علاقائی حدود کے ڈومیسائل کے حامل ہو) کو جسمانی معیار پر پورا اترنے کے بعد قابلیت ٹیسٹ دینے کی اجازت ہوگی۔(4) مجاز اتھارٹی کی طرف سے جانچ پڑتال کے دوران اگر کوئی بھی امیدوار کسی بھی وجہ سے نااہل پایا جائے تو متعلقہ امیدوار کو کسی بھی موقع پر بھرتی کیلئے نااہل قرار دیا جائیگا۔(5) صرف شارٹ لسٹڈ امیدواروں کو انٹرویو کیلئے لایا جائیگا۔(6) انٹرویو کی اطلاع بذریعہ SMS دی جائے گی لہٰذا تمام امیدوار بھرتی کا عمل مکمل ہونے تک اپنے موبائل سم بند یا تبدیل نہ کریں بصورت دیگر تمام تر ذمہ داری امیدوار پر عائد ہوگی۔(7) امیدواروں کے مجموعی اہلیت درخواستیں موصول ہونے کی آخری تاریخ تک متعین ہوگی۔(8) نامکمل اور مقررہ تاریخ کے بعد موصول ہونے والی درخواستیں قابل غور نہیں ہونگی۔(9) عمر کی بالائی حد میں رعایت موجودہ حکومتی قوانین کے مطابق دی جائے گی۔(10) سرکاری اور نیم سرکاری اداروں میں کام کرنیوالے امیدوار اپنے محکمے کے توسط سے درخواستیں ارسال کریں۔(11) مجاز اتھارٹی کسی بھی درخواست کو بلاوجہ مسترد کرنے اور مشتہر کردہ آسامیوں کی تعداد میں ردوبدل رکی بیشی رمنسوخی کا حق محفوظ رکھتی ہے۔(12) ٹیسٹ رانٹرویو کیلئے آنے والے امیدواروں کو کوئی سفری خرچہ (TA/DA) نہیں دیا جائے گا۔(13) درجہ بالا وائلڈلائف واچر کی خالی آسامیوں پر منتخب امیدواروں کو خیبر پختونخوا فارسٹ سکول تھائی ایبٹ آباد میں لازمی تربیت حاصل کرنا ہوگی۔(14) پانچ سال کی میعاد ختم ہونے سے پہلے نوکری چھوڑنے کی صورت میں منتخب وائلڈ لائف واچر تربیت پر آنے والے تمام اخراجات واپس کرنے کا پابند ہوگا۔(15) اصل تعلیمی دستاویزات انٹرویو کے وقت پیش کرنے ہونگے۔ (16) ویٹنگ لسٹ انٹرویو کی تاریخ سے لے کر تین ماہ تک مؤثر رہے گی۔(17) صرف مستند ڈگری یا سرٹیفیکیٹ قابل قبول ہیں اور بھرتی ہونے کے بعد ان کی تصدیق متعلقہ بورڈ یا ادارے سے کرائی جائیگی ،جس کے اخراجات امیدوار خود برداشت کرے گا۔ڈگری یا سرٹیفکیٹ جعلی ثابت ہونے پر متعلقہ امیدوار کو نوکری کیلئے نااہل قرار دیا جائے گا اور قانونی کاروائی عمل میں لائی جائیگی۔(18) غیر ملکی ڈگری کی صورت میں امیدوار کیلئے ہائیر ایجوکیشن کمیشن سے جاری کردہ سرٹیفکیٹ پیش کرنا لازمی ہے۔(19) پولیس ڈیپارٹمنٹ سے مجوزہ Police Clearance Certificate پیش کرنا لازمی ہے۔

درخواست دینے کا طریقہ کار:۔ (1) دلچسپی رکھنے والے امیدوار سب سے پہلے www.etea.edu.pk وزٹ کریں اور آن لائن درخواست دیں۔(2) آن لائن درخواست کامیابی سے جمع کروانے کے بعد ایک مخصوص ڈپازٹ سلپ (جس میں ٹوکن نمبر، پراجیکٹ کوڈ اور امیدوار کی ذاتی معلومات درج ہوں گی) جاری کی جائے گی۔(3) اس ڈپازٹ سلپ کا پرنٹ نکال کر مقررہ ٹیسٹ فیس (ناقابل واپسی) EasyPaisa ایپ رایجنٹ یا UBL بینک کی کسی بھی برانچ میں جمع کروائیں۔(4) فیس جمع کروانے کے بعد بینک کی مہر شدہ اصل ڈپازٹ سلپ (امیدوار کاپی) اپنے پاس محفوظ رکھیں اور اسے کسی کے ساتھ شیئر نہ کریں۔(5) آن لائن درخواست دینے کے بعد ابتدائی طور پر دستاویزات ETEA دفتر نہ بھیجیں۔تاہم اسکریننگ ٹیسٹ میں کامیاب ہونیوالے امیدواروں سے ضرورت کے وقت دستاویزات طلب کی جائیں گی۔(6) آن لائن درخواست فارم www.etea.edu.pk پر دستیاب ہوگا۔(7) آن لائن درخواست جمع کروانے کی تاریخ 01/10/2026 تا 20/10/2026 ہے۔(8) امیدواروں کو ETEA کی جانب سے SMS کے ذریعے اطلاع دی جائے گی کہ وہ www.etea.edu.pk سے اپنی رول نمبر سلپ ڈاؤن لوڈ اور پرنٹ کریں۔امیدواروں کو ہدایت کی جاتی ہے کہ پورٹڈ رکنورٹڈ موبائل نمبر فراہم نہ کریں۔(9) ٹیسٹ کی تاریخ ،وقت اور مقام رول نمبر سلپ پر درج ہوگا۔ (10) اسکریننگ ٹیسٹ کیلئے کوئی علیحدہ کال لیٹر بذریعہ ڈاک یا کورئیر جاری نہیں کیا جائے گا۔

INF(MR)35/2026

مہتمم وائلڈلائف

مردان وائلڈلائف ڈویژن۔ 0937-841235